08.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... اسداللہ

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار 25 کروڑ طلبا کو مختلف ڈیجیٹل اور آن لائن تعلیمی پروگراموں کے ذریعے باہم منسلک کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ساڑھے پانچ لاکھ سے زیادہ بنیادی اسٹیشنوں کے ساتھ 5G کنکٹی وِٹی ہر ضلع تک پہنچ گئی ہے۔

☆ GST کونسل، تنازعات کو حل کرنے اور Input Tax Credit آمد کو بہتر بنانے کی خاطر پالیسی اصلاحات پر تبادلہ خیال رہی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے مرکزی سرکار سے کہا ہے کہ وہ دواساز کمپنیوں کے نامناسب مارکیٹنگ طور طریقوں کی روک تھام کیلئے ایک کمیٹی بنائے۔

☆ سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا انتقال ہوگیا ہے۔

☆ بھارت نے پاکستان پر دہشت گردی کے معاملے پر دوہرا معیار اپنانے کا الزام لگایا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان دہشت گرد گروپوں کیلئے اپنی مدد پر پردہ نہیں ڈال سکتا۔

☆ اور ...... آج فضائی فوج کے یومِ تاسیس پر فضائیہ کے جانبازوں کی قربانیوں کو یاد کیا جا رہا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM-INDIA MOBILE CONGRESS

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی کے یشوبھومی میں دسویں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کیا۔ یہ چار روزہ تقریب کل شروع ہوئی تھی، جس میں ٹیلی مواصلات، ڈیجیٹل کنکٹی وٹی اور تکنیکی اختراع کے سلسلے میں بھارت کی نمایاں پیش رفت کی عکاسی کی جارہی ہے۔ IMC-2026 کا موضوع ہے: 'سرحدوں کے قطع نظر توسیع ڈیجیٹل اختراع، آئندہ سلسلے کی کنکٹی وٹی اور

ٹیکنالوجی پر مبنی ترقی میں بھارت کی بڑھتی صلاحیتوں کا اظہار۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ انڈیا موبائل کانگریس پلیٹ فارم میں بھارت میں ٹیلی کام شعبے اور ڈیجیٹل کنکٹی وٹی نے تبدیلی کا مشاہدہ کیا ہے۔ انہوں نے اس پلیٹ فارم نے ٹیلی کام شعبے میں بھارت کی ترقی میں ایک کلیدی رول ادا کیا ہے۔

جناب مودی نے اُجاگر کیا کہ گزشتہ برسوں میں یہ پلیٹ فارم بھارت کی ترقی اور اُس کی اُمنگوں کے اظہار کا ایک پلیٹ فارم بن کر اُبھرا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج 5-G کنکٹی وٹی ملک کے ہر ضلعے تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب ملک بھر میں 5-G کنکٹی وٹی دستیاب کرانے کیلئے پانچ لاکھ 50 ہزار سے زیادہ Base اسٹیشن موجود ہیں۔

Byte: 1400-PM Modi

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ڈیجیٹل کنکٹی وٹی نے تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور حکومتی خدمات کو قوت بخشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دور دراز گاؤوں اور غریب کنبوں کے ہر بچے کو معیاری علم تک رسائی حاصل ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ گزشتہ 10 سے 12 برس میں موبائل فون نہ صرف جدید مواصلات کے ایک ذریعے کے طور پر اُبھرا ہے، بلکہ یہ اچھی حکمرانی کا ایک اہم وسیلہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سینکڑوں حکومتی خدمات موبائل پر دستیاب ہیں۔ جناب مودی نے اُجاگر کیا کہ فائدے کی براہ راست منتقلی کے تحت تقریباً 50 لاکھ کروڑ روپے براہ راست مستفیدین کے بینک کھاتوں میں منتقل کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے تقریباً 5 لاکھ کروڑ روپے کی بچت ہوپائی۔

وزیراعظم نے کہا کہ اب حکومت مختلف ڈیجیٹل اور آن لائن تعلیمی پلیٹ فارم کے ذریعہ تقریباً 25 کروڑ طلباء کو کنکٹ کرنے کی خاطر کام کررہی ہے۔ جناب مودی نے DIKSHA پلیٹ فارم کے ذریعہ بھارت میں ڈیجیٹل تعلیم کی بڑھتی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ-19 کے دوران جولائی 2022 تک DIKSHA نے 500 کروڑ سے زیادہ سیکھنے کے سیشن اور تقریباً 6 ہزار کروڑ سیکھنے کے منٹ درج کئے۔

Byte: 1400- PM-DIKSHA

اس موقع پر مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ ٹیکنالوجی نہ صرف ہر گاؤں، بلکہ ہر شہری تک پہنچنی چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی کی توسیع اسی وقت ممکن ہوسکتی ہے کہ جب وہ کفایتی ہو اور اس میں سب کی شمولیت ہو۔ جناب سندھیا نے کہا کہ 2014 میں ایک گیگابائٹ ڈیٹا کی قیمت 268 روپے تھی، جبکہ آج یہ محض تقریباً 8 روپے ہے، جس سے بھارت دنیا بھر میں سب سے سستا ڈیٹا فراہم کرنے والے ملکوں میں سے ایک بن گیا ہے۔×

HM-RAJNATH JAYAPRKASH

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج لوک نائک جے پرکاش نارائن کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل

میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ جب کانگریس نے اقتدار کے غرور میں ملک میں ایمرجنسی نافذ کی اور جمہوریت کا گلا گھونٹنے کی کوشش کی تو لوک نائک کروڑوں ہموطنوں کی آواز بن کر بے خوف ہو کر ڈٹے رہے۔

جناب امت شاہ نے اِس بات کو بھی اُجاگر کیا کہ قید میں رکھنے اور اذیت پہنچانے سے بھی وہ اپنے پختہ عزم سے پیچھے نہیں ہٹے اور مکمل انقلاب کے اُن کے اعلان کے سامنے اندرا گاندھی کی تانا شاہ سرکار کو جُھکنا پڑا۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ جے پرکاش نارائن کی زندگی کا فلسفہ ہر محبّ وطن شہری کیلئے ترغیب کا ایک دائمی وسیلہ ہے۔×

GST-COUNCIL MEETING

GST کاؤنسل کی 57 ویں میٹنگ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں جاری ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن اس میٹنگ کی صدارت کررہی ہیں۔ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس، کرناٹک کے وزیراعلیٰ ڈی کے شِوکمار، جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزرائے خزانہ بھی اس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔ GST کاؤنسل کی میٹنگ میں GST تنازعات کے حل اور ٹیکس کریڈٹ کو بہتر بنانے کے سلسلے میں پالیسی اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع نے کہا ہے کہ حکومت اشیاء اور خدمات ٹیکس GST نظام میں اصلاحات کے آئندہ مرحلے کیلئے پانچ نکاتی منصوبہ تجویز کرے گی۔×

SC-COMMITTEE PHARMACEUTICAL

سپریم کورٹ نے، مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ دوا ساز کمپنیوں کے مارکیٹنگ طور طریقوں کی جانچ کیلئے تین ارکان پر مشتمل کمیٹی بنائے۔ اِن میں ڈاکٹروں کو دیئے جانے والے تحائف اور دیگر فائدے نیز آئینی انضباطی عمل شامل ہیں۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل ایک بنچ نے ایک درخواست کی سماعت کرتے ہوئے یہ ہدایت جاری کی۔ اِس درخواست میں ادویات تیار کرنے والی کمپنیوں اور ڈاکٹروں کے درمیان نامناسب رابطوں کے خلاف کارروائی کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

مجوزہ کمیٹی متعلقہ فریقوں کے نظریات پر غور کرے گی اور اِس بات کی سفارش کرے گی کہ آیا کسی آئینی فریم ورک کی ضرورت ہے یا نہیں، اور اگر ایسا ہے، تو اِسے تشکیل دیا جائے۔ مرکزی سرکار سے کہا گیا ہے کہ وہ اِس پر عملدرآمد کے تعلق سے حلف نامہ داخل کرے۔ اب اِس معاملے کی سماعت 29 جنوری کو ہوگی۔ عدالت عالیہ نے موجودہ فریم ورک کے معاملے پر تشویش کا نوٹس لیا ہے، جس کے تحت فائدے قبول کرنے والے ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کی تو گنجائش ہے لیکن اُن دواساز کمپنیوں کو منضبط کرنے کیلئے کسی طرح کا کوئی آئینی نظام نہیں ہے، جو اِس طرح کی ترغیب اور لالچ دیتی ہیں۔×

NANA PATEKAR DIES

سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا آج صبح گوا میں اُن کی رہائش گاہ پر دل کا شدید دورہ پڑنے کے بعد انتقال ہو گیا۔ وہ 75 سال کے تھے۔ نانا پاٹیکر ہندی اور مراٹھی سنیما میں اپنی شاندار اداکاری کیلئے جانے جاتے تھے۔ انہوں نے کئی دہائیوں تک سنیما میں کام کیا۔ نانا پاٹیکر کو پرندا، کرانتی ویر، اب تک 56، اور ویلکم جیسی فلموں کیلئے کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم مودی نے ہندی اور مراٹھی سینما کے سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ نانا پاٹیکر نے فلموں میں ایسے کئی کردار ادا کیے، جنھوں نے لوگوں کے دل و دماغ پر گہری چھاپ چھوڑی۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ نانا پاٹیکر نے اپنے ہر کردار میں قابلِ قدر تخلیق اور گوناگوں خاصیت کا مظاہرہ کیا، جسے آنے والی کئی نسلوں تک یاد رکھا جائے گا۔

رپورٹ۔ VC Prarthana

وشوناتھ پاٹیکر، جو اداکار نانا پاٹیکر کے نام سے مقبول ہیں، وہ مہاراشٹر کے **Murud-Janjira** *میں یکم فروری 1951 کو پیدا ہوئے۔ نانا پاٹیکر اپنی بہترین اداکاری، مکالموں کی عمدہ ادائیگی اور پیچیدہ کرداروں کی عکاسی کیلئے مشہور ہیں۔ انہیں تین مرتبہ قومی فلم ایوارڈ سے نوازا گیا۔ نانا پاٹیکر نے 1978 میں فلم گمن کے ساتھ بالی ووڈ میں قدم رکھا اور پھر متعدد فلموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے۔ فلم ویلکم میں اُن کے مزاحیہ کردار* **Gangster***، اُدے شیٹی نے بڑے پیمانے پر مقبولیت حاصل کی اور وہ آخری وقت تک سنیما میں سرگرم رہے۔*

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

SEVA SANKLAP-JALIANWALA BAGH

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔ اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ تاریخی جلیاں والا باغ اسمارک کی تزئین کاری کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ: VC Rajesh Bali

جلیاں والا باغ کا نام زبان پر آتے ہی برطانوی سرکار کی جابرانہ اور وحشیانہ کارروائی کی تکلیف

وہ اور خوفناک یاد ذہن میں آجاتی ہے۔ 1919 میں بیساکھی کے دن امرتسر میں بریگیڈیئر جنرل ڈائر کی زیرِکمان فوجیوں نے سیکڑوں بے قصور افراد کو ہلاک کردیا تھا۔ جلیاں والا باغ اسمارک اِن شہیدوں کی یاد میں تعمیر کیا گیا تھا۔ کئی دہائیوں بعد اِس کی تزئین کاری کی گئی اور وزیراعظم نریندر مودی نے 28 اگست 2021 کو اِسے ملک کے نام وقف کیا۔ اِس کمپلیکس میں کئی ترقیاتی اقدامات کیئے گئے۔ پنجاب کے مقامی فنِ تعمیر کی مناسبت سے وہاں وراثت کی بحالی کے وسیع کام انجام دیئے گئے۔ مختلف واقعات کی تاریخی اقدار کی عکاسی کرتے ہوئے چار میوزیم گیلریاں بنائی گئیں۔ اِس کے علاوہ اُس دن پیش آنے والے واقعات کی عکاسی کیلیئے ساؤنڈ اور لائٹ شو کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ وہاں ملک کے مختلف حصوں سے آنے والے لوگوں نے جلیاں والا باغ کی تزئین کاری کو سراہا۔ بھارتی شہریوں نے تحریک آزادی کے دوران، جو قربانیاں دی تھیں، اُن کی علامت کے طور پر جلیاں والا باغ اسمارک کو برسوں تک یاد رکھا جائے گا۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......

UN-INDIA PAK

بھارت نے پاکستان پر دہشت گردی کے معاملے پر دوہرا معیار اپنانے کا الزام لگایا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان جیشِ محمد کے سرغنہ مسعود اظہر کے بارے میں جانکاری کیلیئے انعام کا اعلان کرکے دہشت گرد گروپوں کے تیئں اپنی مبینہ حمایت پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہا ہے۔ بھارت نے کہا ہے کہ دنیا نے 9/11، 26/11 اور پہلگام کے حملوں کو فراموش نہیں کیا ہے۔ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کرتے ہوئے بھارت کے اوّل سکریٹری Raghoo Puri نے کہا کہ دہشت گردی کو محض اعلانات سے شکست نہیں دی جاسکتی۔ اُنہوں نے دہشت گردی کیلیئے ذمہ دار عناصر، اِس کیلیئے سرمایہ فراہم کرنے والوں اور اِسے شہ دینے والوں کے خلاف کارروائی کرنے پر زور دیا۔

جناب Raghoo Puri نے پاکستان کے اِس دعوے پر سوال اُٹھایا کہ مسعود اظہر، افغانستان میں چھپا ہوا ہے اور کہا کہ طالبان سرکار نے اِس دعوے کو مسترد کردیا ہے۔ اُنہوں نے مسعود اظہر کے بارے میں جانکاری کیلیئے 70 لاکھ روپے کے انعام کے اعلان کو پاکستان کی ایک چال قرار دیا۔ بڑے دہشت گردانہ حملوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب Puri نے کہا کہ دہشت گردوں کو محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنے سے متاثرین کو انصاف نہیں مل پاتا اور دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی کوششوں کو بھی زک پہنچتی ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ بھارت اپنے عوام کا دفاع کرے گا اور یہ کہ بھارت کے خلاف دہشت گردی جاری رہنے کے مضمرات مرتب ہوں گے۔×

AIR FORCE DAY

آج بھارتی فضائی فوج کا 94 واں یومِ تاسیس منایا جارہا ہے۔ 1932 میں 8 اکتوبر کو یہ فورس قائم ہوئی تھی۔ یہ یادگار موقع فوجی قوت کے نظریے کا آغاز بھی ہے، جس سے آنے والی دہائیوں میں ملک کے دفاعی نظام کو نئی شکل دی جاسکے گی۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی-پی-رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے فضائیہ کے سبھی جانبازوں، آزمودہ کار اہلکاروں اور اُن کے ارکانِ خاندان کو مبارکباد پیش کی ہے۔×

JAISHANKAR-GHANA VISIT

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور گھانا عالمی خطۂ جنوب کے دیرینہ شراکت دار اور چمپئن ہیں اور وہ صحت، ذراعت، ادویات، کانکنی، دفاع، ریلوے اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں اشتراک کو مستحکم کرنے کے خواہاں ہیں۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ دونوں ممالک کو مشترکہ چیلنجوں کا سامنا ہے اور وہ مضبوطی، سب کی شمولیت اور ترقی کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں اپنے تجربات شیئر کرسکتے ہیں۔ جناب جے شنکر، جو کہ تین افریقی ملکوں کے دورے پر ہیں، انہوں نے کہا کہ بھارت اور گھانا کو بڑھتے کثیر ملکی نظام کے تناظر میں عالمی خطۂ جنوب کی غیر جانبدارانہ آوازوں اور شراکت داروں کے طور پر مل کر کام کرنا جاری رکھنا چاہیئے۔×

IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج کیرلم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، اتراکھنڈ، مغربی بنگال اور سکم میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے مشرقی مدھیہ پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور مغربی اترپردیش میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆